# 17-10-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعظم نریندرمودی نے اس بات پرزوردیا ہے کہ ثقافتی ستون جیسے زبان، ادب، آرٹ اورروحانیت ایک قوم کی شناخت کوتشکیل دیتے ہیں۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی پراجکٹ کے ذریعہ تلنگانہ کا مستقبل طئے ہوگا۔

☆ریاستی چیف سکریٹری نے عہدیداروں کوہدایت دی ہے کہ ٹی جی پی ایس سی گروپ ون مین امتحانات کومناسب طریقہ سے منعقد کیا جائے اور کسی طرح کی غلطیاں نہ ہوں۔

☆مرکزی حکومت نے ریلوں کے لئے قبل از وقت ریزرویشن کرائے جانے کی موجودہ حد میں کمی کرتے ہوئے 120 دن کے بجائے 60 دن کردیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے اس بات پرزوردیا ہے کہ ثقافتی ستون جیسے زبان، ادب، آرٹ اورروحانیت ایک قوم کی شناخت کوتشکیل دیتے ہیں۔انہوں نے اس بات پر زوردیا کہ جب ملک ترقی کی راہ پرگامزن ہے، وہیں اس کی جڑیں خوداعتمادی، خوداعتمادی اورخودشناسی میں گہری ہیں۔
آج نئی دہلی میں بین الاقوامی ابھیدھما دیوس پروگرام کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے لارڈبدھا کی تعلیم کی طرف اشارہ کیا۔انہوں نے کہا، ہندوستان نے ایک تبدیلی کا سفرشروع کیا ہے، جسے امرت کال کے نام سے جانا جاتا ہے، جس کا اختتام 2047 میں ہوگا۔انہوں نے کہا، یہ دورایک ترقی یافتہ ہندوستان کے ملک کے ابھرنے کا گواہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ بدھ کی حکمت سے رہنمائی کرتے ہوئے ملک کی ترقی کا نقشہ بے مثال اورمثبت تبدیلیاں لائے گا۔انہوں نے کہا کہ ملک بدھ کی لازوال تعلیمات پرعمل کرتے ہوئے ترقی کی نئی راہیں طے کررہا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے اس ماہ کی 21 تاریخ کومنعقد ہونے والے ٹی جی پی ایس سی گروپ ون اصل امتحانات کے انعقاد کے ضمن میں اضلاع کے کلکٹرس اور پولیس عہدیداروں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ٹی جی پی ایس سی کے چیئرمین مہیندرریڈی اوردیگرارکان نے اپنے دفتر سے اس کانفرنس میں شرکت کی جبکہ ڈی جی پی ڈاکٹرجتیندر نے سکریٹریٹ سے اس میٹنگ میں حصہ لیا۔مذکورہ امتحان کی تیاری کرنے والے امیدواروں کی جانب سے جاری احتجاج نے اس وقت ایک نیا موڑ لیا جب مختلف امیدواروں نے آج بی آرایس پارٹی کے کارگذارصدروسابق ریاستی وزیرکے ٹی راماراؤ سے تلنگانہ بھون میں ملاقات کی۔کے ٹی آرنے گروپ ون امتحان کی تیاری کرنے والوں کومدد کا یقین دلایا۔امیدواروں نے 21 اکتوبرکومنعقد ہونے والے امتحان کوملتوی کرتے ہوئے 27 اکتوبرکومنعقد کرنے کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆

آئی اے ایس آفیسرکے.ایلم برتھی نے آج عظیم تربلدیہ حیدرآباد(جی ایچ ایم سی) کے نئے کمشنرکی حیثیت سے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔انہیں اس عہدہ کی مکمل ذمہ داری اس وقت سونپی گئی جب امرپالی کٹھا کوتلنگانہ میں برسرخدمت بعض دیگرسینئرعہدیداروں کے ساتھ آندھراپردیش میں خدمات کیلئے مامور کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے چیف سکریٹری نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ گروپ ون مین امتحان اس ماہ کی 21 سے 27 تاریخ کے دوران منعقد ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت مناسب طریقہ سے امتحان کا انعقاد کرے گی اورغلطیوں کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ چیف سکریٹری کے مطابق حیدرآباد اورتین اضلاع میں 46 مراکز پر 31 ہزار سے زائد امیدوارامتحانات میں شرکت کریں گے۔انہوں نے پولیس کوہدایت دی کہ امتحانات کے پرامن انعقاد کیلئے ٹھوس انتظامات کیے جائیں۔ چیف سکریٹری کوٹی جی پی ایس سی کے سکریٹری نکولس نوین نے بتایا کہ امتحانی مراکز پرسی سی ٹی وی کیمرے نصب کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے ریلوں کے لئے قبل از وقت ریزرویشن کرائے جانے کی موجودہ حد میں کمی کرتے ہوئے 120 دن کے بجائے 60 دن کردیا ہے۔ وزارت ریلوے نے ایک سرکولر میں کہا کہ نیا رول آئندہ ماہ کی یکم تاریخ سے نافذ العمل ہوگا تاہم اس سال اکتیس اکتوبر تک کئے جانے والے تمام ریزرویشنوں پر نئے قاعدہ کا اطلاق نہیں ہوگا۔ وزارت کے مطابق بیرونی سیاحوں کیلئے تین سو پینسٹھ دن کی حد میں کسی طرح کی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

مہاریشی والمکی جینتی کے موقع پر نئی دہلی کے امبیڈکر آڈیٹوریم میں ایک خصوصی پروگرام منعقد ہوا۔ تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے چیئرمین شیوسینا ریڈی اور ریسیڈنٹ کمشنر ڈاکٹر گورو اپل نے بحیثیت مہمانان خصوصی شرکت کی اور والمکی کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے۔ اس پروگرام میں تلنگانہ بھون سے تعلق رکھنے والے عہدیداروں اور ارکان عملہ نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد پولیس نے سکندرآباد میں ایک عبادتگاہ کو نقصان پہنچائے جانے کے معاملہ کے تحت اپنی تحقیقات میں شدت پیدا کردی ہے۔ مونڈا مارکٹ پولیس اسٹیشن کی مختلف ٹیمیں اور محکمہ ریونیو کی جانب سے سکندرآباد میں واقع ایک ہوٹل سے مہمانوں کو خالی کرادیا گیا اور ہوٹل کو بھی مقفل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق مذکورہ ہوٹل میں اس معاملہ کا اصل ملزم سلمان سلیم ٹھاکر عرف سلمان مقیم تھا جسے پوچھ تاچھ کیلئے تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر تقریباً 150 افراد کو بھی جنہوں نے پرسنالیٹی ڈیولپمنٹ ورکشاپ میں شرکت کی تھی تحویل میں لیا گیا ہے۔ پولیس کی تحقیقات میں اس بات کی توثیق کی گئی ہے کہ سلمان نے اس ہوٹل میں منعقدہ ایک ورکشاپ میں شرکت کی تھی جسے ایک اکیڈیمی کی جانب سے منعقد کیا گیا تھا اور یہ ورکشاپ منورالزماں، محمد کفیل احمد اور دیگر کی زیرنگرانی منعقد ہوا تھا۔ پولیس کی تحقیقات میں یہ پتہ چلا کہ ہوٹل کے احاطہ میں غیرقانونی طور پر اکیڈیمک کورسیس چلائے جارہے تھے اور اس کے لئے رسمی طور پر اجازت نہیں لی گئی تھی۔ عہدیداروں نے کہا ہے کہ اس سلسلہ میں ہوٹل کے انتظامیہ کے خلاف بھی قانونی کاروائی کی جارہی ہے۔ ہوٹل مالک کے خلاف بھی ایک کیس درج کیا گیا ہے۔ بڑے پیمانے پر میٹنگ کے انعقاد کیلئے قبل از وقت اطلاع نہ دیئے جانے پر ہوٹل کو مقفل کردیا ہے۔ پولیس نے مزید کہا کہ سلمان، منورالزماں، محمد کفیل احمد اور ذاکر نائیک جیسے مذہبی اسپیکرس کی تقاریر سے متاثر تھا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر اسپورٹس ڈاکٹر منسوکھ منڈاویا نے کہا ہے کہ ڈرافٹ نیشنل اسپورٹس گورننس بل سے ملک میں اسپورٹس کے ڈھانچے کو شفاف بنانے اور از سر نو ترتیب دینے میں اہم رول میں پیشرفت ہوگی۔ نئی دہلی میں آج ایک مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے منڈاویا نے کہا کہ کھیل فیڈریشنوں کو بااختیار بنانے کیلئے قانون سازی زیرغور ہے۔ اس میٹنگ میں انڈین اولمپک اسوسی ایشن، نیشنل اسپورٹس فیڈریشنس اور نیشنل اسپورٹس پروموشن اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

محکمہ انکم ٹیکس کے عہدیداروں نے جمعرات کو حیدرآباد اور اس کے آس پاس کے 30 مقامات پر دھاوے کئے۔ کولور اور رائے درگ جیسے علاقوں میں دھاوں اور تلاشی کی کاروائی ہنوز جاری ہے۔ یہ دھاوے، انویتا بلڈرس اور گوگی کمپنیوں کے علاوہ ان کمپنیوں کے مینجنگ ڈائرکٹرس اور دیگر ڈائرکٹرس کی رہائش گاہوں پر بھی کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے دونوں شہروں سے تعلق رکھنے والے مختلف مسافر تنظیموں کے ذمہ داروں کے ساتھ میٹنگیں منعقد کی گئیں جن میں ایم ایم ٹی ایس اور متعلقہ ڈیویژنل ہیڈکوارٹرس پر سب اربن ٹرین خدمات کو بہتر بنانے کے تعلق سے بات چیت کی گئی۔ ان میٹنگوں میں بھرتیش کمار جین، لوکیش وشنو اور ڈیویژنل ریلوے مینجر سکندرآباد و حیدرآباد نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ پاسنجر اسوسی ایشنوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے ٹرینوں کو پابندی کے ساتھ چلانے کے علاوہ دیگر معاملات پر تجاویز پیش کیں۔ ممبرس نے مختلف مقامات پر ایم ایم ٹی ایس سرویس کو دوبارہ شروع کرنے کیلئے بھی نمائندگی کی۔ ڈیویژنل ریلوے مینجرس نے یقین دلایا کہ ان تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے عوام کو بہترین ٹرین خدمات کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جائیں گے۔

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر بوندا باندی کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔اس کے علاوہ بعض اضلاع میں کل بھی کہیں کہیں بوندا باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا کافی امکان ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی پراجکٹ کے ذریعہ تلنگانہ کا مستقبل طئے ہوگا۔حیدرآباد میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تیس سے زائد ٹیموں نے موسیٰ ندی کا معائنہ کیا ہے۔انہوں نے عوام سے خواہش کی کہ اس پراجکٹ کے تعلق سے افواہوں پر توجہ نہ دیں۔ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ حکومت یہ چاہتی ہے کہ موسیٰ ندی کے بفرزون میں رہنے والے عوام کو بہتر زندگی ملے۔

☆☆☆☆☆